Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 16 Short Questions Test

Q1. سورت ال عمران کو سورت ال عمران کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کی آیات تینتیس تا سینتیس میں اس خاندان کا زکر آیا ہے. اس لیے اس سورت کا نام سورۃ ال عمران ہے.

Q2. قرآن مجید میں کس سورت کو سردار کہا ہے.

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کی بہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے.

Q3. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

Ans 1: مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

Q4. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

Q5. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعو ھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

Ans 1: ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعو ھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q6. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰئکتہ- ان نسینا

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q7. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans 1: بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q8. سورۃ التوبہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی کیا فضیلت آئی ہے.

Ans 1: دوران ہجرت غار ثور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ کی رفاقت کا تزکرہ ہے- زکوٰۃ کے مصارف اور مومن مجاہدین کی تعریف اور جہاد کرنے کی ترغیب کا بیان ہے.

Q9. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

Q10. اللہ تعالی کن لوگوں کی گمراہی کا فیصلہ کرتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو گمراہ کرتا لے جو اللہ تعالی کے عہد کو توڑتے، قطع رحمی کرتے زمین پر فساد مچاتے ہیں-